# جامع دُعاؤں کا گلدستہ

(خصوصاً سفرِ عمرہ وحج پر جانے والوں کے لیے)



(مستفاد از: ''دُعاؤں کی کتاب'': حافظ عمران ایوب حفظہ اللہ)


انتخاب: کے. ابویاسر امین الرحمٰن عمری مدنی حفظہ اللہ



ناشر

جمعیت ابنائے قدیم، عمر آباد (بیچ 1994)

Mob: 9945307635 / 9448172446

# جامع دُعاؤں کا گلدستہ

(خصوصاً سفرِ عمرہ وحج پر جانے والوں کے لیے)

(مستفاد از: ''دُعاؤں کی کتاب'': حافظ عمران ایوب حفظہ اللہ)

انتخاب: کے. ابویاسر امین الرحمٰن عمری مدنی حفظہ اللہ

# Bouquet of Comprehensive Duas

(Especially for those travelling to perform 'Umrah & Hajj)

**Based on 'Duaon ki kitaab'**
by Hafiz Imran Ayyub hafizahulllah

**Selected by:**
K. Abu yasir Ameenur Rahman 'Umri Madani hafizahullah

**Published By:**
**United Friends Educational and Charitable Trust ®**
**R.K Kohi Noor Apartment, Cockburn Road, Shivajinagar,**
**Bengaluru, India  Mob: 9148318913 / 9945307635**

حقوق محفوظ نہیں ہیں

| | |
|---|---|
| نام کتاب | جامع دُعاؤں کا گلدستہ |
| انتخاب | کے. ابو یاسر امین الرحمٰن عمری مدنی حفظہ اللہ |
| ڈیزائننگ | کفیل گرافکس +91 7097525237 |
| طبع اول | ۱۴۴۳ھ، ۲۰۲۲ء |
| تعداد اشاعت | ایک ہزار |
| ناشر | جمعیت ابنائے قدیم، عمرآباد (بیچ 1994) |
| صفحات | 112 |

Title: **Bouquet of Comprehensive Duas**

*Selected by:*

K. Abu yasir Ameenur Rahman 'Umri Madani hafizahullah

*First Edition:*

Jumadal Aakhirah 1443H, January 2022 CE

Pages: 112

*Published by:*

**United Friends Educational and Charitable Trust ®**

**R.K Kohi Noor Apartment, Cockburn Road,**
**Shivajinagar, Bengaluru, India**
**Mob: 9148318913 / 9945307635**

# Contents فہرست

پیش لفظ.........................................................5

Preface.........................................................7

## First Part پہلی فصل

(I) دعا کی اہمیت وفضیلت.........................................10

**(I)** Importance of Dua and its excellence..........10

(II) دعا کرنے کے چند آداب........................................12

**(II)** Some Etiquettes of Making Dua..................12

(III) دعا کی قبولیت کی صورتیں......................................14

**(III)** Ways in which Dua is responded to...........14

(IV) قبولیت دعا کے بعض اہم اوقات.................................14

**(IV)** The Recommended times of Dua...............14

(V) جن لوگوں کی دعائیں قبول ہوتی ہیں............................16

**(V)** Those who Duas are accepted....................16

(VI) عمرہ وحج سے متعلق دعائیں......................................18

**(VI)** Duas related to *Hajj* and *'Umrah*.................18

# Second Part دوسری فصل

## (I) جامع دعائیں

## (I) Comprehensive Duas

☆ قرآنی دعائیں..................................................31

☆ Quranic Supplications....................................31

احادیث مبارکہ سے ثابت دعائیں....................................57

☆Supplications Established in the *Hadeeth*....57

(II) نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم جن چیزوں سے پناہ مانگتے تھے..........63

**(II)** Those things from which the Prophet ﷺ used to seek refuge.........................................63

(III) صبح وشام کی دعائیں....................................84

**(III)** Verses of *Azkaar* for Morning & Evening..........84

(IV) تسبیحات کا بیان..................................................105

**(IV)** The *Tasbeehaat*.......................................105
(Short expressions glorifying & praising Allah)

(V) نماز جنازہ کی دعائیں....................................111

**(V)** Duas of *Salatul Janazah* (funeral prayer)...111

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# پیش لفظ

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین امابعد!

دعا عبادت بھی ہے اور اللہ سے اپنی حاجات وضروریات مانگنے کا ایک اہم وسیلہ بھی ہے۔ اس لئے ہر دعا کرنے والا جہاں اللہ سے اپنی ضروریات پوری کرواتا ہے وہیں وہ اپنے نامۂ اعمال میں نیکیاں بھی بڑھاتا رہتا ہے۔ نیز دعا میں اللہ تعالیٰ نے ایسی تاثیر رکھی ہے جو تقدیر کو بدل سکتی ہے۔

جیسا کہ معلوم ہے کہ آج کل بحمدللہ لوگ عمرہ وحج پر کثرت سے روانہ ہورہے ہیں، ان میں سے اکثر لوگوں کی تمنا رہتی ہے کہ وہاں جاکر دعاؤں کے ذریعہ دنیا وآخرت کی بھلائیاں اکٹھی کرلیں اور جن پریشانیوں کا سامنا وہ اپنی زندگی میں کررہے ہیں ان کا حل وہ اللہ تعالیٰ سے مانگ لیں۔

دعاؤں کی اسی اہمیت کی خاطر ہر ملاقاتی حجاج ومعتمرین سے دعاؤں کی درخواست کرنے لگتا ہے۔ افسوس کا مقام ہے کہ اکثر لوگ دعاؤں کے آداب نہیں جانتے اور نہ ہی قرآن وحدیث کی جامع دعاؤں کا انہیں علم ہوتا ہے، جس کی وجہ سے اپنے الفاظ میں کچھ دیر اپنی حاجات مانگ کر خاموش رہ جاتے ہیں۔ یا اگر دعائیں یاد بھی ہوں تو ان کے معانی ومفاہیم سے ان کو واقفیت نہیں ہوتی، جس کی وجہ سے وہ قبولیتِ دعا کے ان زریں مواقع سے استفادہ نہیں کرپاتے۔

اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوے میں نے مناسب سمجھا کہ ”جامع دعاؤں کا ایک گلدستہ“ تیار کروں، تاکہ حجاج ومعتمرین دورانِ سفر اور مقاماتِ مقدسہ میں ان دعاؤں

کا خوب اہتمام کریں-مزید وضاحت کے لیے عناوین اور ترجمے اردو اور انگریزی میں دئے گئے ہیں، تاکہ ان کی مدد سے وہ مزید یکسوئی اور توجہ کے ساتھ اللہ سے ہر خیر کا سوال کریں اور ہر شر سے پناہ مانگیں۔

اکثر دعائیں حافظ عمران ایوب لاہوری حفظہ اللہ کے مجموعے ''دعاؤں کی کتاب'' سے نقل کی گئی ہیں-اس کے علاوہ خالد الجریسی کی کتاب ''جوامع الدعاء'' اور ''الاذکار للنووی'' سے بھی استفادہ کیا گیا ہے-بعض مقامات پر ضرورت پڑنے پر اصل مراجع کی طرف رجوع بھی کیا گیا ہے۔

انگریزی ترجمہ کا اضافہ ہمارے برادر عزیز مہتاب امجد حفظہ اللہ نے کیا ہے-اللہ تعالیٰ انہیں دنیا و آخرت میں اس کا بہترین بدلہ عطا کرے۔

میں رب کائنات کا شکر بجا لانے کے بعد ان تمام لوگوں کا شکریہ ادا کرتا ہوں جنہوں نے اس کتاب کی ترتیب و اشاعت میں میرا کسی بھی طرح ساتھ دیا ہے۔اللہ تعالیٰ انھیں جزائے خیر سے نوازے اور عامۃ الناس کیلئے اس کتاب کو باعثِ خیر و برکت بنائے۔

کے امین الرحمٰن عمری مدنی

14-09-2019

۱۴ محرم الحرام ۱۴۴۱ھ

بنگلور

فون:9945307635

# Preface

الحمدللہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علیٰ سید المرسلین امابعد!

Dua is an act of worship, as well as an important means of beseeching Allaah for one's needs. While the one making dua is having his needs fulfilled through it, his good deeds also keep increasing in his register. Furthermore, Allah made dua so potent that it can alter the divine decree.

As is well known, and all thanks be to Allaah, many people are traveling to perform *Hajj & 'Umrah* in our times. Most of them desire that they would go there and make duas, gather for themselves the best of this world and the Hereafter, and to beseech Allah for solutions to problems they face in their lives.

It is due to this significance of Duas that whoever meets the one traveling for *Hajj or 'Umrah* requests the traveler to make dua for them. However, its a pity that many people do not know the etiquettes of making dua, nor are they aware of the comprehensive duas related through the Quran and the Hadeeth, due to which they make dua in their own words for a few minutes and thereafter stay silent. And even if they have memorized some duas, they do not understand their meanings & interpretations; and in the end, they are not able to benefit from these valuable opportunities during which duas are answered.

In order to cater to this need, I reckoned that I should prepare "**a bouquet of comprehensive duas**" so that the ones travelling for *Hajj* and *'Umrah* are able to

that the ones travelling for *Hajj* and *'Umrah* are able to increase in making these duas immensely during their travel and during their stay in the holy lands. For greater comprehension, the topics & duas have been translated in Urdu and in English, so that it helps in attaining the solitude and concentration with which one may ask Allaah of all the good and seek His refuge from all the evil.

Most of the duas have been taken from the book "*Duaon ki kitab*" by Shaikh Hafiz Imran Ayyub *hafizahullah.*

Besides this, I have also benefitted from the book "*Jawami ud Dua*" by Shaikh Khalid al Jeraysi *hafizahullah*.

In some instances, I have also referred to the original sources.

The English translation has been included by our brother Mahatab Amjad. May Allah, the most High, reward him well in this world and the Hereafter.

After thanking the Lord of the worlds, I thank all those who assisted me in any manner in compiling and publishing this book. May Allah reward them with good and make this book a means of goodness and blessings for the people.

K. Ameen ur Rahman 'Umri Madani

14-09-2019

14th Muharram 1441H

Bangalore

Ph:9945307635

# پہلی فصل

# FIRST PART

## (I) دعا کی اہمیت و فضیلت

## (I) Importance of Dua and its excellence

**(1)** دعا نہ کرنے والا متکبر ہے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

**(1)** One who leaves making dua is Arrogant. Allah says:

وَ قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْۤ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِیْنَ

ترجمہ: "اور تمہارے رب نے فرمایا ہے: مجھے پکارو میں تمہاری دعا قبول کرونگا۔ یقیناً جو لوگ میری عبادت سے کتراتے ہیں وہ عنقریب ذلیل ہوکر جہنم میں پہنچ جائیں گے."

(سورۃ غافر:60)

"And your Lord said: "Invoke Me, I will respond to your (invocation).Verily, those who scorn My worship they will surely enter Hell in humiliation!" (Surah Ghafir:40)

**(2)** دعا نہ مانگنے والے سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتا ہے۔ (صحیح، ترمذی:3373)

**(2)** Allah is angry with the one who does not make Dua.
(*Sahih*, Tirmizi: 3373)

**(3)** دعا ہی عبادت ہے۔ (صحیح، ابوداود:1479 – ترمذی:2969)

**(3)** Dua is Worship.
(*Sahih*, Abu Dawud: 1479, Tirmizi: 2969)

**(4)** دعا سے تقدیر بدل جاتی ہے۔ (حسن، ترمذی:2149)

**(4)** Dua is an act that changes Predestination.
(*Hasan*, Tirmizi: 2149)

**(5) اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے معزز ومکرم عمل دعا ہے۔**

(حسن، ابن ماجہ:3829-ترمذی:3370)

**(5)** Dua is the most noble act of worship in Allah's Sight.

(*Hasan*, Ibn Majah: 3829, Tirmizi: 3370)

## (II) دعا کے چند آداب

## (II) Some Etiquettes of Dua

(1) اخلاصِ نیت: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: وَادْعُوْهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ ترجمہ: "اللہ تعالیٰ کے لئے دین کو خالص کر کے پکارو"۔ (سورۂ اعراف:29)

**(1)** Sincerety in Dua to Allah alone, as Allah mentioned: "..and invoke Him only making your religion sincere to Him." (Surah al A'raaf: 29)

(2) دعا سے پہلے وضو کر لینا بہتر ہے۔ (ضروری یا واجب نہیں) (بخاری:4324)

**(2)** Performing Wudhu before Dua is recommended (not compulsory though). (Bukhari: 4324)

(3) دعا سے پہلے اللہ کی تعریف اور حمد و ثنا بیان کرنا اور درود پڑھنا۔

(صحیح، ترمذی:3476- وابوداود:1481)

**(3)** Praise Allaah and send *Darood* upon the Prophet ﷺ before making Dua.

(*Sahih*, Tirmizi: 3476, Abu Dawud: 1481)

(4) کامل یکسوئی، توجہ اور قبولیت کے یقین کے ساتھ دعا کرنا۔ (حسن، ترمذی:3479)

**(4)** Making Dua with concentration and focus and determined of its acceptance. (*Hasan*, Tirmizi: 3479)

(5) مُعلّق دعا سے بچے جیسے یوں کہے: اے اللہ! اگر تو چاہے تو مجھے بخش دے۔

(بخاری:7477- مسلم:2678)

**(5)** Avoid the suspended form of dua. e.g saying, "O Allah

forgive me if you wish."

(Bukhari: 7477, Muslim: 2678)

**(6)** خشوع وخضوع، عاجزی اورانکساری سے دعا کرنا۔ (سورۃ الانعام:63)

**(6)** Making dua with an attentive heart, and with a submissive state of mind. (Surah al An'am: 63)

**(7)** دعا کیلئے ہاتھ اٹھانا۔ (صحیح، ترمذی:3556)

**(7)** Raising the hands while making Dua.

(*Sahih*, Tirmizi: 3556)

**(8)** دعا کیلئے قبلہ رخ ہونا بہتر ہے۔(ضروری یا واجب نہیں)

(بخاری:3960-مسلم:1794)

**(8)** To face the *Qiblah* while making dua (although its not essential or obligatory.)

(Bukhari: 3960, Muslim: 1794)

**(9)** دعا میں تکرار اور اصرار کرنا۔ (مسلم:2189)

**(9)** To implore Allah earnestly. (Muslim: 2189)

**(10)** دعا کیلئے جامع کلمات استعمال کرنا۔ (صحیح، ابوداود:1482)

**(10)** To pray with concise & comprehensive wordings.

(*Sahih*, Abu Dawud: 1482)

## (III) دعا کی قبولیت کی صورتیں

### (III) Ways in which dua is responded to

جب بھی مسلمان دعا کرتا ہے، جس میں نافرمانی اور قطع رحمی نہ ہو تو اس کو یا تو مطلوبہ چیز دنیا میں جلد یا بدیر مل جاتی ہے-یا مطلوبہ چیز تو نہیں ملتی مگر دعا کے عوض کوئی آنے والی مصیبت ٹل جاتی ہے-یا پھر وہ دعا ذخیرۂ آخرت بنائی جاتی ہے۔ (صحیح الادب المفرد:550)

There is no Muslim who asks Allah for anything except that Allah gives it to him, or keeps away a similar evil, or that dua is stored for him as a great reward in the hereafter, as long as he does not ask for something evil or for breaking the ties of kinship.

(*Sahih*, al Adab ul Mufrad: 550)

## (IV) دعا کی قبولیت کے بعض اوقات

### (IV) The Recommended times for Dua

**(1)** رمضان کا مہینہ (صحیح: سنن ابن ماجہ: 1642)

**(1)** The Month of Ramadhan

(*Sahih*,Sunan ibn Majah: 1642)

**(2)** شب قدر (سورۂ قدر)

**(2)** The Night of *Qadr* (Surah Qadr)

وضاحت: شب قدر کی دعا:

Note: The Dua of the Night of *Qadr* is:

اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي

(صحیح، ترمذی:3513-ابن ماجہ:3580)

ترجمہ: "اے اللہ! یقیناً تو معاف کرنے والا ہے۔ معاف کرنے کو پسند کرتا ہے۔ لہٰذا تو مجھے معاف کردے"۔

"O Allah, you are the Most Forgiving, You love to forgive, so forgive me." (*Sahih*, Tirmizi: 3513, Ibn Majah: 3580)

**(3)** رات کا آخری حصہ۔ (بخاری:1145۔مسلم:758)

**(3)** The last part of the night. (Bukhari: 1145, Muslim: 758)

**(4)** اذان اور اقامت کے درمیان کا وقت۔

(صحیح، ابوداود:521۔ترمذی:212)

**(4)** Between the *Adhaan* and the *Iqaamah*.
(*Sahih*, Abu Dawud: 521, Tirmizi: 212)

**(5)** نماز میں دورانِ سجدہ۔ (مسلم:482)

**(5)** While in prostration during *Salaah*. (Muslim: 482)

**(6)** جمعہ کے دن عصر کے بعد کا آخری وقت۔ (بخاری:935۔مسلم:852)

**(6)** The last hour after *'Asr* on Friday.
(Bukhari: 935, Muslim: 852)

**(7)** قرآن مجید کی تلاوت کے بعد۔ (حسن، ترمذی:2917)

**(7)** After reciting the Qur'an.
(*Hasan*, Tirmizi: 2917)

**(8)** فرض نمازوں کے بعد۔ (حسن، ترمذی:3599)

**(8)** After the Obligatory prayers. (*Hasan*, Tirmizi: 3599)

## (V) جن لوگوں کی دعائیں قبول ہوتی ہیں

## (V) Those whose Duas are answered

**(1)** مجاہد اور حج وعمرہ کرنے والا۔

**(1)** A fighter in Allah's cause and a person performing *Hajj* and *'Umrah.*

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کی راہ میں جہاد کرنے والا – حج اور عمرہ کرنے والا اللہ تعالیٰ کے مہمان ہیں، اللہ تعالیٰ نے انہیں بلایا تو انہوں نے دعوت کو قبول کیا – اور پھر انہوں نے اللہ تعالیٰ سے مانگا تو اس نے انہیں عطا کیا – (حسن، ابن ماجہ:2893)

The Prophet ﷺ said, "The person who is fighting in the way of Allah, and the person going for *Hajj*, and the person going for *'Umrah*, are like Allah's delegates. Their duas are responded to, and their requests are given." (*Hasan*, Ibn Majah: 2893)

**(2)** مظلوم، مسافر اور والد جو اپنی اولاد کے حق میں دعا کرے۔

(حسن، ترمذی:1905)

**(2)** An Oppressed person, a traveler, a father who makes dua for his children. (*Hasan*, Tirmizi: 1905)

**(3)** اولاد جو اپنے والدین کے حق میں دعا کرے۔ (مسلم:1631)

**(3)** Offspring who make dua for their parents. (Muslim: 1631)

**(4)** مسلمان بھائی کی غیر موجودگی میں اس کیلئے دعا مانگنے والا۔ (مسلم:2733)

**(4)** Dua made for a Muslim brother in his absence.

(Muslim: 2733)

**(5)** آسانی اور خوشحالی میں بکثرت دعائیں کرنے والا۔ (حسن، صحیح الجامع:6290)

**(5)** One who supplicates much in times of happiness and ease. (*Hasan*, Saheeh al Jaami: 6290)

## (VI) عمرہ وحج سے متعلق دعائیں

## (VI) Duas related to Hajj and 'Umrah

(1) لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّيْكَ، لَبَّيْكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ لَبَّيْكَ، إِنَّ الْحَمْدَ، وَالنِّعْمَةَ، لَكَ وَالْمُلْكَ، لَا شَرِيْكَ لَكَ

ترجمہ: "حاضر ہوں اے اللہ! میں حاضر ہوں۔ تیرا کوئی شریک نہیں میں حاضر ہوں۔ تمام حمد وتعریف تیرے ہی لئے ہے اور تمام نعمتیں تیرے ہی طرف سے ہیں۔ بادشاہی صرف تیری ہے۔ تیرا کوئی شریک نہیں"۔ (بخاری:1497۔ مسلم1078)

**(1)** "I am here at Your service, O Allah, I am here at Your service. I am here at Your service, You have no partner, I am here at Your service. Surely the praise, and blessings are Yours, and the dominion. You have no partner."

(Bukhari 1497, Muslim 1078)

لَبَّيْكَ إِلٰهَ الْحَقِّ

ترجمہ: "میں حاضر ہوں اے معبودِ برحق"۔ (صحیح، نسائی 2753)

"Here I am, O Lord of Truth."

(*Sahih*, Sunan An-Nasaai 2753)

لَبَّيْكَ ذَا الْمَعَارِجِ لَبَّيْكَ ذَا الْفَوَاضِلِ

"میں حاضر ہوں اے سیڑھیوں والے، میں حاضر ہوں اے عظیم فضل وکرم والے".

"Here I am, O Owner of ladders, Here I am, O Owner of great virtues."

☆ابن عمر رضی اللہ عنہما تلبیہ کے الفاظ میں اضافہ کر کے یوں پڑھا کرتے تھے۔

☆Ibn 'Umar *radhiallaahu 'anhu* used to recite the Talbiyah with the following additional wordings:

لَبَّيْكَ وَ سَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ بِيَدَيْكَ وَالرَّغْبَاءُ اِلَيْكَ وَالْعَمَلُ

ترجمہ:"میں حاضر ہوں، تیری اطاعت ومدد اور تائید کا مسلسل طلب گار ہوں۔ اور ساری بھلائیاں تیرے دونوں ہاتھوں میں ہیں، اور رغبت اور عمل تیرے ہی لئے ہے"۔ (مناسک الحج والعمرہ: 16-17)

"Here I am, forever in need of your help and support, and all good is in betweeen your two hands. And my inclination is towards You and my deeds are for You."

(Manasik al Hajj wal Umrah: 16-17)

وضاحت: صحیح مسلم کی ایک روایت میں ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نماز کیلئے نکلے تو یہ دعا پڑھ رہے تھے۔

Note: It is found in a narration in Sahih Muslim that when the Prophet ﷺ left home for *Salaah* he would say the following dua:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُورًا وَفِيْ لِسَانِيْ نُورًا وَاجْعَلْ فِي سَمْعِيْ نُورًا وَاجْعَلْ فِيْ بَصَرِيْ نُورًا وَاجْعَلْ مِنْ خَلْفِي نُورًا وَمِنْ أَمَامِيْ نُورًا وَاجْعَلْ مِنْ فَوْقِيْ نُوْرًا وَمِنْ تَحْتِيْ نُوْرًا اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ نُوْرًا۔

ترجمہ:"اے اللہ! نور پیدا کردے میرے دل میں، میری زبان میں، میرے کانوں میں، میری آنکھوں میں، میرے پیچھے، میرے آگے، میرے اوپر اور میرے نیچے -اے اللہ! مجھے نور عطا فرما"۔ (مسلم :763)

نوٹ: مسجد حرام اور مسجد نبوی جاتے ہوئے اس دعا کا اہتمام کرے۔اپنے ملک میں بھی نماز کیلئے مسجد جاتے ہوئے یہ دعا پڑھتا رہے۔

"O Allah, place light in my heart, and on my tongue light, and in my ears light and in my sight light, and behind me light and before me light, and above me light, and below me light. O Allah, grant me light." (Muslim: 763)

*Note:* One should regularly read this dua while going to the *Masjid ul Haraam* and *Masjid e Nabawi*. And even in one's home country, one should read it on his way to the Masjid.

## (2) کعبہ پر پہلی نظر پڑے تو کیا کرے

## (2) Dua upon seeing the *Ka'bah*:

جب کعبہ کو دیکھے تو اپنے دونوں ہاتھوں کو اٹھانا چاہے تو اٹھائے ،اس لئے کہ ایسا کرنا ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ثابت ہے۔اس موقع پر نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی دعا ثابت نہیں ہے۔ جو چاہے مانگ سکتا ہے۔اگر عمر رضی اللہ عنہ سے ثابت دعا کا اہتمام کرلے تو بہتر ہے۔

Upon seeing the *Ka'bah* one may raise his hands if he

wishes, since doing so is established from Ibn 'Abbas *radhiallaahu 'anhu*. However, there is no dua established from the Prophet ﷺ on this occasion and it suffices that one reads whatever dua he remembers. Albeit, it would be better to make dua with what has been reported from Umar *radhiallahu 'anhu*:

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ فَحَيِّنَا رَبَّنَا بِالسَّلَامِ

ترجمہ: "اے اللہ! تو ہی سلامتی والا ہے- تجھ ہی سے سلامتی ہے- تو ہمیں اے ہمارے رب سلامتی کے ساتھ زندگی نصیب فرما"۔

"O Allaah You are *as-Salaam*, and from You is peace and security, so grant us life O our Lord with peace and security." (Manasik al Hajj Pg. 40)

**(3)** حجر اسود کو بوسہ دیتے ہوئے یا اشارہ کر کے اللہ اکبر کہنا چاہیئے- (بخاری:1613)

**(3)** While kissing the black stone or pointing towards it, one should say "*Allahu Akbar*". (Bukhari: 1613)

وضاحت : شروع میں بسم اللہ کہنا ابن عمر رضی اللہ عنہما سے موقوفاً ثابت ہے-

Note: To say "*Bismillah*" in the beginning is established from Ibn Umar (in a *mauqoof* (suspended) form of narration).

**(4)** Dua during *tawaaf*: **(4)** طواف کی دعاء

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

ترجمہ: "اے ہمارے رب! ہم کو دنیا میں بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی

نصیب فرما اور ہمیں عذابِ جہنم سے بچالے"۔

"Our Lord, grant us the best in this life and the best in the next life and save us from the punishment of the Fire."

وضاحت: یہ دعا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم رکن یمانی اور حجر اسود کے درمیان پڑھا کرتے تھے۔ (حسن، ابوداود:1893)

The Prophet ﷺ used to read the above dua between the Yemeni Corner and the black stone.

(*Hasan*, Abu Dawud: 1893)

بقیہ حصے میں قرآن مجید کی تلاوت یا کوئی بھی ذکر اور اذکار کا اہتمام کر سکتے ہیں۔ ہر چکر کیلئے کوئی مخصوص دعاء احادیث سے ثابت نہیں ہے۔

During the remaining part of the *tawaaf*, one may recite as he wishes from the Quran or read any of the words of remembrance. A specific dua for every circuit of the *tawaaf* is however not proven from the Hadeeth.

**(5)** ملتزم: (یعنی حجر اسود اور باب کعبہ کے درمیان کا حصہ) پر اپنا سینہ، چہرہ اور دونوں بازوؤں کو رکھنا اور دعائیں کرنا بھی ثابت ہے۔ (مناسک الحج:22-23)

**(5)** Supplicating at the *Multazam* (lit. place of clinging; the part of the *Ka'bah* that is between the Black Stone and the door of the *Ka'bah)* while placing one's chest, face, both arms and palms against it is also established.

(Manasik al Hajj: 22-23)

اگر ملتزم سے چمٹنا ممکن نہ ہوتو دروازے کے پاس ہی کھڑے ہوکر دعا کرلے تو بھی ٹھیک ہے۔

If clinging to the *Multazam* is not possible, he may also stand near the door (of the *ka'bah*) and make dua, that is good enough.

**(6)** طواف کے بعد مقام ابراہیم کے پاس آئے اور یہ آیت وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهٖمَ مُصَلًّى پڑھے. ترجمہ: اور تم مقام ابراہیم کو جائے نماز مقرر کرلو

**(6)** Upon completing the *tawaaf*, one should go to the *Maqaam-e-Ibrahim* (Station of Ibrahim) & say: *Wattakhizoo mim-maqaami ibraaheema musallaa*. Meaning: "And take the station of Ibraheem as a place of prayer".

اور دو رکعتیں پڑھے- پہلی رکعت میں سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھے۔ (مناسک الحج:23-صحیح مسلم:1218)

And offer a two-rakah prayer. In the first *rak'ah* after *Al-Fatihah* one should recite *Soorah al-Kafiroon* and in the second *rak'ah* recite *Soorah al-Ikhlaas*.

(Manasik al Hajj: 23, Sahih Muslim: 1218)

**(7)** زم زم کا پانی جس مقصد سے پیا جائے وہ مقصد پورا ہوتا ہے۔

(صحیح، ابن ماجہ:3062-صحیح الجامع:5502)

**(7)** The water of *Zam Zam* is for whatever it is drunk, meaning, the purpose for which one drinks it, is fulfilled.

(*Sahih*, Ibn Majah: 3062, Sahih al Jami: 5502)

(8) صفا اور مروہ:

**(8)** *Safa* and *Marwah*

(الف) سعی شروع کرنے سے پہلے حجر اسود کے پاس آئے اور اللہ اکبر کہہ کر اس کو چھوئے یا اشارہ کرے۔ پھر صفا کی پہاڑی کے قریب جا کر یہ آیت پڑھے۔ اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَآئِرِ اللّٰهِ .......... ترجمہ: یقیناً صفا و مروہ (نامی دو پہاڑیاں) اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں۔ اور یہ کہے میں بھی وہیں سے شروع کرتا ہوں جہاں سے اللہ نے شروع کیا ہے۔ (صحیح مسلم: 1218 - مناسک الحج: 24)

**a)** Before commencing the *Sa'ee* between *Safa* and *Marwah*, one should return to *Hajr al Aswad* and should say *Allaahu Akbar* and touch it if he is able to, else point towards it. Upon reaching Mount *Safa* one should recite: *Innas-safa wal marwata min sha'a'irillaahi......* ("Verily, *As-Safâ* and *Al-Marwah* (two mountains in Makkah) are of the Symbols of Allah.) and then say, I begin with what Allah began.

(Sahih Muslim: 1218, Manasik al Hajj: 24)

(ب) صفا کی پہاڑی پر چڑھ کر قبلہ رخ ہو جائے اور تین مرتبہ اللہ اکبر کہے۔ اور یہ اذکار پڑھے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ وَنَصَرَ عَبْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ

ترجمہ: "اللہ کے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں - اسی کیلئے بادشاہت اور ساری تعریفیں ہیں - وہی زندہ کرتا اور موت دیتا ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔ کوئی معبودِ برحق نہیں سوائے اللہ وحدہ کے - اس کا کوئی شریک نہیں ہے - اس نے اپنا وعدہ پورا کر دیا ہے اور اپنے بندے کی مدد کی ہے اور تن تنہا اسی نے (دشمن) جماعتوں کو شکست دی ہے"۔

**b)** Then he ascends mount *Safa* and faces the *Ka'bah* and says *Allahu Akbar* thrice and then says the following *Zikr*:

*Laa ilaaha illallaahu, Allahu Akbar, Laa ilaaha illallaahu wahdahu laa shareeka lahu, lahul-mulku wa lahul-hamdu yuhyi wa yumeetu, wa Huwa 'alaa kulli shay`in Qadeer, laa ilaaha illallaahu wahdahu, anjaza wa'dahu, wa nasara 'abdahu, wa hazamal ahzaaba wahdahu.*

"There is none worthy of worship but Allah, and Allah is the Greatest. None has the right to be worshipped but Allah alone, Who has no partner, His is the dominion and His is the praise, He gives life and causes death, and He is Able to do all things. None has the right to be worshipped but Allah alone, He fulfilled His Promise, He aided His slave, and He alone defeated the Confederates."

پھر اپنے لئے جو دعا کرنا ہے کر لے - بہتر ہے جامع دعاؤں کا اہتمام کرے - پھر اس ذکر کو پڑھے - پھر اپنے لئے دعائیں کرے - پھر تیسری مرتبہ اس ذکر کو پڑھے اور صفا کی

پہاڑی سے اتر جائے۔ (صحیح، ابوداود :1905 مسلم :1218،مناسک الحج :52)

After that he should supplicate to Allah with whatever dua he wishes, and it is better that he supplicates with comprehensive duas. Then he recites the above *Zikr* the second time and supplicates to Allah with whatever du'a he wishes. The third time he only recites the *Zikr*, and does not supplicate. And he decends Mount *Safa*.(*Sahih*, Abu dawud: 1905, Muslim: 1218, Manasik ul Hajj: pg.52)

(ج) صفا اور مروہ کے درمیان اگر یہ دعا پڑھ لے تو کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ یہ بعض سلف سے ثابت ہے۔ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ إِنَّكَ أَنْتَ الْأَعَزُّ الْأَكْرَمُ

ترجمہ: "اے میرے رب! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما۔ بے شک تو ہی عزت و تکریم والا ہے"۔ (مناسک الحج ص:56)

**c)** If one recites the following dua between *Safa* and *Marwah*, there is no blame, since this dua is proven from some of the *Salaf* (pious predecessors):*Rabbighfir warham innaka antal a'azzul akram*. "O My Lord forgive and have mercy, indeed you are the Most Mightly, Most Noble." (Manasik ul Hajj: pg. 56)

وضاحت: درج ذیل دعائیں واذکار حج کے ساتھ خاص ہیں۔

**Note: The below mentioned *Azkaar* and *Duas* are specifically related to Hajj.**

(9) عرفات کے دن کی دعا:

**(9) Dua of the Day of *Arafah***

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: بہترین کلمات جو میں نے اور مجھ سے پہلے نبیوں نے عرفہ کی شام کہا ہے، (یہ ہیں:) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ (حسن، ترمذی: 3585)

وضاحت: اس کے ساتھ تلبیہ پڑھتا رہے اور جامع دعاؤں کا خصوصی اہتمام کرے۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں: فهذا اليوم أفضل أيام السنة للدعاء یعنی (عرفہ کا) یہ دن دعا کے لئے سال کا سب سے بہتر اور افضل دن ہے۔ اور حج کا عظیم دن ہے۔ کثرت سے دعا و استغفار کرلے۔ غروبِ شمس سے پہلے تک یہ سلسلہ جاری رکھے۔ اس دن تلبیہ کے ساتھ اِنَّمَا الْخَيْرُ خَيْرُ الْآخِرَةِ کا اضافہ کرلے تو اچھا ہے۔

ترجمہ: اصل بھلائی آخرت کی بھلائی ہے۔ (مناسک الحج ص: 60)

The Prophet ﷺ said,"The best thing that I & the Prophets have said on the evening of *'Arafah* is: '*Laa ilaaha illallaahu wahdahu laa sharika lahu, lahul-mulku wa lahul-hamdu wa Huwa 'alaa kulli shay`in Qadeer*.' "None has the right to be worshipped but Allah alone, Who has no partner. His is the dominion & His is the praise, & He is Able to do all things." (*Hasan*, Tirmizee: 3585)

Note: One should continue to recite the Talbiyah along with this dua as well as recite the various concise and comprehensive supplications. Imam Nawawi *rahimahullah* said that this day (i.e. the Day of *'Arafah*) is the best day in the year in which one makes dua. And since it is a great day of *Hajj*, one should increase in his dua and

repentance. Keep making dua until Sunset. And on this day, if he adds to the *Talbiyah*, *Innamal Khairu Khairul Aakhirah* "Indeed all good is the goodness in the life Hereafter" then that is permissible and good.

**(10)** مزدلفہ میں اول وقت میں فجر کی نماز ادا کر کے ممکن ہو تو مشعر احرام (مزدلفہ میں موجود پہاڑ) کے اوپر چڑھے، یا جہاں جگہ ملے وہیں قبلہ رخ ہو جائے، اور کثرت سے تلبیہ، تسبیح وتحمید اور تحلیل کے ساتھ دعاؤں کا خصوصی اہتمام کرے۔ (مناسک الحج:63)

**(10)** Offer the *Fajr* prayer in its early time in *Muzdalifah* and if possible climb the *Mash'arul Haraam* (a mountain in *Muzdalifah*) or station yourself wherever you can find place, face the *Qiblah* and say the Talbiyah, and keep making zikr of *Subhaanallaah, Alhamdulillaah, Laa Ilaaha illallaah* as well as make duas as much as possible.

(Manasik al Hajj: 63)

**(11)** جمرات کو کنکریاں مارتے وقت ہر کنکری کے ساتھ اللہ اکبر کہتا رہے۔

(صحیح مسلم:1218)

**(11)** While stoning the *Jamaraat*, one should Say "*Allaahu Akbar*" with every stoning. (Sahih Muslim:1218)

**(12)** 11,12,13 ذی الحجہ کو منیٰ میں رہتے ہوئے دعاؤں اور اذکار کا خوب اہتمام کرے، کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اَيَّامُ التَّشْرِيْقِ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ وَذِكْرِ اللهِ یعنی ایام تشریق کھانے پینے اور اللہ کے ذکر کے دن ہیں۔

(صحیح مسلم:1141)

**(12)** During the 11th, 12th and 13th of *Zul hijjah*, while

being stationed at *Mina*, one should make *Zikr* and Dua frequently, since the Prophet ﷺ said, "the days of *Tashreeq* (i.e. 11,12 and 13) are days of eating and drinking and of making Allah's *Zikr*." (Sahih Muslim: 1141)

ایامِ تشریق میں پہلے جمرات کو کنکری مارنے کے بعد دائیں جانب کھڑے ہوکر دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر خوب دعا کرے۔ پھر دوسرے جمرات کو کنکری مارنے کے بعد بائیں جانب کھڑے ہوکر دونوں ہاتھوں کو اٹھا کر خوب دعا کرے۔ پھر تیسرے جمرات کو کنکریاں مارنے کے بعد یوں ہی لوٹ جائے۔ (صحیح بخاری:1751)

During the days of *Tashreeq*, after stoning the *First Jamaraat*, one should stand towards its right side facing the *Qiblah* and raise the hands and make dua as much as possible. Then, after stoning the *Second Jamaraat*, one should stand towards its left side, facing the *Qiblah* and raise the hands and make dua as much as possible. Then, one should stone the *Third Jamaraat* and simply walk away. (Sahih Bukhari: 1751)

**(13)** حج کے سارے مناسک ادا کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کا بکثرت ذکر کرے اور

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

پڑھے۔ (سورۂ بقرہ:201)

**(13)** Upon completion of all the rites of *Hajj*, one should continue to make Allah's *Zikr* and read the dua, '*Rabbana Aatina fid-dunya hasanatan wa fil Aakhirati Hasanatan wa qinaa 'azaabannaar*'.

(Surah al Baqarah: 200-201)

# دوسری فصل

# SECOND PART

# (I) جامع دعائیں

# (I) Comprehensive Duas

## ☆ قرآنی دعائیں Quranic Supplications

### (1) گناہوں کی بخشش طلب کرنے کی دعائیں

### (1) Duas Seeking Forgiveness of Sins

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ (سورۂ آل عمران:16)

ترجمہ:"اے ہمارے رب! ہم ایمان لا چکے، اس لئے ہمارے گناہ معاف فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا"۔

"Our Lord! We have indeed believed, so forgive us our sins and save us from the punishment of the Fire." (Surah Aal i 'Imran: 16)

رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ (سورۂ مؤمنون:109)

ترجمہ:"اے ہمارے پروردگار! ہم ایمان لا چکے ہیں۔ تو ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما۔ تو سب مہربانوں سے زیادہ مہربان ہے"۔

"Our Lord! We believe, so forgive us and have mercy on us, for You are the Best of all who show mercy!" (Surah Mu'minoon: 109)

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا سکتہ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ

(سورۂ اعراف:23)

ترجمہ: اے ہمارے رب! ہم نے اپنا بڑا نقصان کیا اور اگر تو ہماری مغفرت نہ کرے گا اور ہم پر رحم نہ کرے گا تو واقعی ہم نقصان پانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

"Our Lord! We have wronged ourselves. If You forgive us not, and bestow not upon us Your Mercy, we shall certainly be of the losers." (Surah al A'raaf: 23)

رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ (سورۂ مومنون:118)

ترجمہ: "اے ہمارے رب! تو بخشش دے اور رحم فرما، اور تو سب مہربانوں سے بہتر مہربانی کرنے والا ہے"۔

"My Lord! Forgive and have mercy, for You are the Best of those who show mercy!" (Surah Mu'minoon: 118)

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ۗ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ (البقرہ:285)

رجمہ: "ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی، ہم تیری بخشش طلب کرتے ہیں، اے ہمارے رب! اور ہمیں تیری ہی طرف لوٹنا ہے"۔

"We hear, and we obey. (We seek) Your forgiveness, our Lord, and to You is the return (of all)."
(Surah al Baqarah: 285)

رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ (سورۂ قصص:16)

ترجمہ: "اے میرے رب! میں نے خود اپنے نفس پر ظلم کیا۔ تو مجھے معاف کر دے"۔

"My Lord! Verily, I have wronged myself, so forgive me."
(Surah Qasas: 16)

## (2) عذابِ جہنم سے پناہ مانگنے کی دعا

## (2) Dua seeking Protection from the punishment of Hell-fire

رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿٦٥﴾ إِنَّهَا سَاءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا

(سورۂ فرقان: 65-66)

ترجمہ: اے ہمارے پروردگار! ہم سے دوزخ کا عذاب پھیر دے، کیونکہ اس کا عذاب چمٹ جانے والا ہے۔ بے شک وہ ٹھہرنے اور رہنے کے لحاظ سے بدترین جگہ ہے۔

"Our Lord! Avert from us the torment of Hell. Verily, its torment is ever an inseparable, permanent punishment." (Surah Furqan: 65-66)

## (3) دنیا و آخرت کا خیر طلب کرنے کی دعا

## (3) Dua seeking goodness of this world and the hereafter

رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ

(سورۂ بقرہ: 201)

ترجمہ: "اے ہمارے رب! ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما، اور ہمیں عذابِ جہنم سے نجات دے"۔

"Our Lord, grant us the best in this life and the best in the next life and save us from the punishment of the Fire." (Surah Baqarah: 201)

## (4) حسنِ خاتمہ طلب کرنے کی دعائیں

## (4) Dua seeking a good end

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِيًا يُّنَادِىْ لِلْاِيْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّكُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَ تَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ

(سورۂ آل عمران:193)

ترجمہ:"اے ہمارے رب! ہم نے سنا کہ ایک منادی کرنے والا بلند آواز سے ایمان کی طرف بلا رہا ہے- کہ لوگو! اپنے رب پر ایمان لاؤ۔ پس ہم ایمان لائے۔ یا الٰہی! اب تو ہمارے گناہ معاف فرما، ہماری برائیوں کو مٹا دے اور ہماری موت نیک لوگوں کے ساتھ کردے"۔

"Our Lord! Verily, we have heard the call of one (Muhammad ﷺ) calling to Faith: 'Believe in your Lord,' and we have believed. Our Lord! Forgive us our sins and expiate from us our evil deeds, and make us die (in the state of righteousness) along with Al-Abrâr (the pious believers of Islâmic Monotheism).(Surah Aal i Imran: 193)

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۟ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۚ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّ اَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ

(سورۂ یوسف:101)

ترجمہ:"اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! تو ہی دنیا و آخرت میں میرا ولی اور کارساز ہے۔ مجھے اسلام کی حالت میں اٹھا لے اور نیک لوگوں میں ملا دے"۔

"O Allah, the (Only) Creator of the heavens and the earth!

You are my Walî (Protector, Helper, Supporter, Guardian, God, Lord) in this world and in the Hereafter. Cause me to die as a Muslim (the one submitting to Your Will), and join me with the righteous." (Surah Yusuf: 101)

## (5) بیماری سے شفا کی دعا

## (5) Dua seeking cure for illness

اَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ (سورۂ انبیاء:83)

ترجمہ:"(اے ہمارے رب) یقیناً مجھے بیماری لگ گئی ہے اور تو رحم کرنے والوں میں زیادہ رحم کرنے والا ہے"۔

"Verily, distress has seized me, and You are the Most Merciful of all those who show mercy."

(Surah Al Anbiya: 83)

## (6) اپنے فوت شدہ مسلمان بھائیوں کی مغفرت کیلئے دعا

## (6) Duas seeking forgiveness for the deceased Muslim brethren

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِیْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِیْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِیْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ (سورۂ حشر:10)

ترجمہ:"اے ہمارے پروردگار! تو ہمیں بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم سے پہلے ایمان لا چکے ہیں۔ اور ایمانداروں کی طرف سے ہمارے دل میں کینہ اور دشمنی نہ ڈال۔ اے ہمارے رب! بیشک تو شفقت اور مہربانی کرنے والا ہے"۔

"Our Lord! Forgive us and our brethren who have

preceded us in Faith, and put not in our hearts any hatred against those who have believed. Our Lord! You are indeed full of kindness, Most Merciful."

(Surah al Hashr: 10)

رَبَّنَا وَسِعْتَ كُلَّ شَيْءٍ رَّحْمَةً وَّعِلْمًا فَاغْفِرْ لِلَّذِيْنَ تَابُوْا وَاتَّبَعُوْا سَبِيْلَكَ وَقِهِمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ (سورۂ غافر: 7)

ترجمہ: "اے ہمارے رب! تو نے ہر چیز کو اپنی رحمت اور علم سے گھیر رکھا ہے۔ بس تو انھیں بخش دے جو توبہ کریں اور تیری راہ کی پیروی کریں، اور تو انھیں دوزخ کے عذاب سے بھی بچالے"۔

"Our Lord! You comprehend all things in mercy and knowledge, so forgive those who repent and follow Your way, and save them from the torment of the blazing Fire!"

(Surah Ghaafir: 7)

## (7) مشکلات سے نجات کی دعا

## (7) Dua seeking relief from difficulties

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ (سورۂ انبیاء: 87)

ترجمہ: تیرے سوا کوئی معبودِ برحق نہیں، تو پاک ہے، بے شک میں ظالموں میں ہوگیا۔

"None has the right to be worshipped but You (O Allâh), Glorified (and Exalted) are You [above all that (evil) they associate with You]! Truly, I have been of the wrong doers."

(Surah Anbiya: 87)

## (8) شیطانی وساوس سے بچاؤ کی دعائیں

## (8) Duas seeking refuge from Satanic whisperings

رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ﴿٩٧﴾ وَ اَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ يَّحْضُرُوْنِ

(سورۂ مومنون: 98-97)

ترجمہ: "پروردگارا! میں شیطانوں کے وسوسوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اے میرے رب! میں تیری پناہ میں آتا ہوں کہ وہ میرے پاس آ جائیں"۔

"My Lord! I seek refuge with You from the whisperings (suggestions) of the Shayâtîn (devils). "And I seek refuge with You, My Lord! lest they should come near me."

(Surah Muminoon: 97-98)

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿١﴾ مَلِكِ النَّاسِ ﴿٢﴾ اِلٰهِ النَّاسِ ﴿٣﴾ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ﴿٤﴾ الَّذِىْ يُوَسْوِسُ فِىْ صُدُوْرِ النَّاسِ ﴿٥﴾ مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ ﴿٦﴾

(سورۂ ناس: 114)

ترجمہ: آپ کہہ دیجئے کہ میں لوگوں کے پروردگار کی پناہ میں آتا ہوں، لوگوں کے مالک کی، اور لوگوں کے معبود کی، وسوسہ ڈالنے والے، اور پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے جو لوگوں کے سینے میں وسوسہ ڈالتا ہے (خواہ) وہ جنوں میں ہوں یا انسانوں میں سے۔

Say: "I seek refuge with (Allâh) the Lord of mankind, The King of mankind – The *Ilaah* (Lord) of mankind, From the evil of the whisperer (devil who whispers evil in the hearts of men) who withdraws (from his whispering in one's

heart after one remembers Allâh). Who whispers in the breasts of mankind. Of jinn and men." (Surah Naas: 114)

### (9) حاسدوں کے شر سے بچاؤ کی دعا

### (9) Dua seeking protection from the evil of the envier

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۙ﴿۱﴾ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۙ﴿۲﴾ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۙ﴿۳﴾ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۙ﴿۴﴾ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ﴿۵﴾ (سورۂ فلق: 113)

ترجمہ: "آپ کہہ دیجئے کہ صبح کے رب کی پناہ میں آتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے، اور اندھیری رات کی تاریکیوں کے شر سے جب اس کا اندھیرا پھیل جائے، اور گرہ لگا کر ان میں پھونکنے والوں کے شر سے، اور حسد کرنے والے کی برائی سے بھی جب وہ حسد کرے"۔

Say: "I seek refuge with (Allâh), the Lord of the daybreak, From the evil of what He has created, And from the evil of the darkening (night) as it comes with its darkness; (or the moon as it sets or goes away), And from the evil of those who practise witchcraft when they blow in the knots, And from the evil of the envier when he envies."

(Surah Falaq: 113)

### (10) فتنوں سے بچاؤ کے لئے دعا

### (10) Dua seeking protection from Trials

رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَ اِلَيْكَ اَنَبْنَا وَ اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ، رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً

لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

(سورۃ ممتحنہ:4-5)

ترجمہ:اے ہمارے پروردگار! تجھی پر ہم نے بھروسا کیا ہے اور تیری ہی طرف رجوع کرتے ہیں اور تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔اے رب! تو ہمیں کافروں کی آزمائش میں نہ ڈال۔اے پروردگار! ہماری خطاؤں کو بخش دے۔ بے شک تو ہی غالب،حکمت والا ہے۔

"Our Lord! In You (Alone) we put our trust, and to You (Alone) we turn in repentance, and to You (Alone) is (our) final Return. "Our Lord! Make us not a trial for the disbelievers, and forgive us, Our Lord! Verily, You, only You, are the All-Mighty, the All-Wise."

(Surah al Mumtahinah: 4-5)

## (11) اولاد کو نمازی بنانے کی دعا

## (11) Dua that one's offspring is regular in offering Salaah

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ

(سورۂ ابراہیم:40)

ترجمہ:"اے ہمارے پروردگار! مجھے نماز کا پابند رکھ اور میری اولاد کو بھی۔اے میرے رب! میری دعا قبول فرما"۔

"O my Lord! Make me one who performs *As-Salât* (the prayers), and (also) from my offspring, our Lord! And accept my invocation." (Surah Ibrahim: 40)

## (12) اپنے بیوی بچوں کے حق میں دعا

## (12) Dua for one's spouse and children

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَ ذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّ اجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا

(سورۂ فرقان:74)

ترجمہ:"اے ہمارے رب! تو ہمیں بیویوں اور اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما۔ اور ہمیں پرہیزگاروں کا پیشوا بنا"۔

"Our Lord! Bestow on us from our wives and our offspring the comfort of our eyes, and make us leaders of the Muttaqûn (the pious)." (Surah Furqan: 74)

## (13) اولاد کی اصلاح، نیک اعمال اور نعمتوں پر شکر کی توفیق مانگنے کی دعائیں

## (13) Duas asking Allah's aid in being thankful for His favours, for the righteousness of our offspring and to perform good deeds

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَ عَلٰى وَالِدَيَّ وَ اَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَ اَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ

(سورۂ نمل: 19)

ترجمہ:"اے پروردگار! تو مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمتوں کا شکر بجالاؤں جو تو نے مجھ پر انعام کی ہیں، اور میرے ماں باپ پر۔ اور میں ایسے نیک اعمال کرتا رہوں جن سے تو خوش رہے۔ مجھے اپنی رحمت سے نیک بندوں میں شامل کرلے"۔

"My Lord! Grant me the power and ability that I may be

grateful for Your Favours which You have bestowed on me and on my parents, and that I may do righteous good deeds that will please You, and admit me by Your Mercy among Your righteous slaves." (Surah Naml: 19)

رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ ۚ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْكَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ

(سورۂ احقاف:15)

ترجمہ:"اے میرے پروردگار! مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمتوں کا شکر بجالاؤں جو تونے مجھ پر انعام کی ہیں، اورمیرے ماں باپ پر۔اورمیں ایسے نیک اعمال کرتا رہوں جن سے تو خوش رہے۔تو میری اولاد کو بھی صالح بنا۔میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں اورمیں مسلمانوں میں سے ہوں"۔

"My Lord! Grant me the power and ability that I may be grateful for Your Favour which You have bestowed upon me and upon my parents, and that I may do righteous good deeds, such as please You, and make my offspring good. Truly, I have turned to You in repentance, and truly, I am one of the Muslims (submitting to Your Will)."
(Surah Ahqaf: 15)

## (14) والدین کی مغفرت کیلئے دعائیں

## (14) Duas seeking forgiveness for one's parents

رَبَّنَا اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ (سورۂ ابراہیم:41)

ترجمہ:"اے ہمارے پروردگار! مجھے بخش دے، اورمیرے ماں باپ کو بھی بخش دے

اور دیگر مومنوں کو بھی، جس دن حساب ہونے لگے"۔

"Our Lord! Forgive me and my parents, and (all) the believers on the Day when the reckoning will be established." (Surah Ibrahim: 41)

رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَ لِوَالِدَیَّ (سورۂ نوح:28)

ترجمہ: "اے میرے پروردگار! تو مجھے اور میرے ماں باپ کو بخش دے"۔

"My Lord! Forgive me, and my parents." (Surah Nooh: 28)

## (15) والدین پر رحم کیلئے دعا

## (15) Dua seeking Allah's mercy upon parents

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا (سورۂ اسراء:24)

ترجمہ: اے میر پروردگار! ان دونوں پر رحم فرما جیسے انھوں نے بچپن میں میری پرورش کی تھی۔

"My Lord! Bestow on them Your Mercy as they did bring me up when I was young." (Surah Isra: 24)

## (16) دین کی دعوت میں آسانی کیلئے دعا

## (16) Dua seeking ease in conveying the message of Islam

رَبِّ اشْرَحْ لِیْ صَدْرِیْ ، وَ يَسِّرْ لِیَۤ اَمْرِیْ ، وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِیْ يَفْقَهُوْا قَوْلِیْ (سورۂ طٰہٰ :25-28)

"اے میرے پروردگار! میرا سینہ میرے لئے کھول دے- میرے کام کو مجھ پر آسان کردے اور میری زبان کی گرہ بھی کھول دے، تاکہ لوگ میری بات اچھی طرح سمجھ سکیں۔

"O my Lord! Open for me my chest (grant me self-confidence, contentment, and boldness). And ease my task for me; And loose the knot (the defect) from my tongue, (i.e. remove the incorrectness from my speech) That they understand my speech." (Surah Taha: 25-28)

## (17) ہدایت کے بعد گمراہی کی طرف جانے سے بچنے کی دعا

## (17) Dua seeking refuge from falling into misguidance after being guided

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ (سورۂ آل عمران: 8)

ترجمہ:"اے ہمارے رب! ہدایت دینے کے بعد ہمارے دل ٹیڑھے نہ کر اور ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما، یقیناً تو ہی بڑا داتا ہے"۔

"Our Lord! Let not our hearts deviate (from the truth) after You have guided us, and grant us mercy from You. Truly, You are the Bestower." (Surah Aal i Imran: 8)

## (18) طلب علم کی دعا

## (18) Dua for seeking knowledge

رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا (سورۂ طٰہٰ: 114)

ترجمہ:"اے میری پروردگار! میرے علم میں زیادتی عطا فرما"۔

"My Lord! Increase me in knowledge."

(Surah Taha: 114)

## (19) طلب رحمت کی دعا

## (19) Dua Seeking Allah's mercy

رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا (سورۂ کہف:10)

ترجمہ: "اے میرے پروردگار! ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا فرما اور ہمارے کام میں ہمارے لئے راہ یابی کو آسان کر دے"۔

"Our Lord! Bestow on us mercy from Yourself, and facilitate for us our affair in the right way!"(Surah Kahf: 10)

## (20) نیک اولاد طلب کرنے کی دعائیں

## (20) Duas Seeking righteous offspring

رَبِّ هَبۡ لِىۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ اِنَّكَ سَمِيۡعُ الدُّعَآءِ

(سورۂ آل عمران:38)

ترجمہ: "اے میرے پروردگار! مجھے اپنے سے نیک اولاد عطا فرما۔ بے شک تو ہی دعا کا سننے والا ہے"۔

"O my Lord! Grant me from You, a good offspring. You are indeed the All-Hearer of invocation."

(Surah Aal i Imran: 38)

رَبِّ هَبۡ لِىۡ مِنَ الصّٰلِحِيۡنَ (سورۂ صافّات: 100)

ترجمہ: "اے میرے رب، مجھے نیک بخت اولاد عطا فرما"۔

"My Lord! Grant me (offspring) from the righteous."

(Surah Saffaat: 100)

رَبِّ لَا تَذَرۡنِىۡ فَرۡدًا وَّاَنۡتَ خَيۡرُ الۡوٰرِثِيۡنَ (سورۂ انبیاء:89)

